11443 ـ کیاسب احادیث پروثوق ممکن ہے ؟

سوال

کیاسب احادیث پروثوق ممکن ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کردہ احادیث میں سے جو صحیح احادیث ہیں ، انہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کرنےمیں کوئ شک نہیں ، اور جواحادیث ضعیف ہیں انہیں نبی صلی اللہ کی طرف منسوب کرنے میں شک ہے ۔

اہل علم پرصحیح اور ضعیف احادیث کوئی مخفی نہیں ہیں ، ایسی کتب بھی تصنیف کی گئ ہیں جو کہ صرف احادیث صحیحہ پر مشتمل ہیں مثلا صحیح بخاری اور صحیح مسلم ، اور کچھ ایسی کتب بھی ہیں جن میں صحیح اورغیر صحیح دونوں پائی جاتی ہیں جیسا کہ باقی کتب احادیث ہیں ۔

احادیث صحیحہ کی تمیز اور پہچان کے سلسلے میں علماء کرام کی بہت ساری کوششیں اورکاوشیں ہیں جیسا کہ یہ معاملہ علوم حدیث کےماہر علماء کوچھوڑکرابتدائ طلاب پر بھی مخفی نہیں ۔ .